Australian Government
Services Australia

URDU

# External Breast Prostheses Reimbursement Program

# (جسم پر پہننے والی مصنوعی بریسٹس کے خرچ کی واپسی کا پروگرام)

اگر آپ کو سرجری سے چھاتیاں الگ کروانے کے بعد مصنوعی بریسٹس کی ضرورت ہو تو External Breast Prostheses Reimbursement Program (EBPRP) (جسم پر پہننے والی مصنوعی بریسٹس کا پروگرام) ایک مصنوعی بریسٹ کے لیے $400 تک ادا کرتا ہے اور دو مصنوعی بریسٹس کے لیے $800 تک ادا کرتا ہے۔

مصنوعی بریسٹ کو کپڑوں کے اندر جسم پر پہنا جاتا ہے تاکہ یہ سرجری سے پوری یا جزوی طور پر الگ کی گئی چھاتی کی جگہ لے لے اور جسم پہلے جیسا دکھائی دے۔

پروگرام سے ملنے والی رقم کینسر کی وجہ سے چھاتی کی سرجری کروانے والے لوگوں کے لیے جسم پر پہنی جانے والی (ایکسٹرنل) بریسٹ یا سوئمنگ کے لیے پہنی جانے والی بریسٹ کا خرچ پورا کر سکتی ہے۔ اس میں ان قسموں کی سرجری شامل ہے:

- دونوں چھاتیاں سرجری سے الگ کی جائیں
- چھاتی کی پروفیلیکٹک سرجری - کینسر سے بچنے کی خاطر سرجری
- چھاتی کا کچھ حصہ سرجری سے الگ کیا جائے
- چھاتی میں رسولی اور اس کے گرد کچھ حصہ نکالا جائے۔

## کون لوگ یہ رقم کلیم کر سکتے ہیں:

کلیم اس صورت میں کیا جا سکتا ہے کہ:

- آپ Medicare کے رکن ہوں
- کینسر کی وجہ سے آپ کی چھاتی کی سرجری ہوئی ہو
- پچھلے 2 سالوں میں آپ نے مصنوعی بریسٹ نہ خریدی ہو اور اس پروگرام کے تحت کلیم نہ کیا ہو۔

اگر کسی نے اپنی وفات سے پہلے مصنوعی بریسٹ خریدی ہو تو ان کے ترکے کا وصی یا ایڈمنسٹریٹر یہ کلیم کر سکتا ہے۔

## آپ کیا کلیم کر سکتے ہیں:

آپ 1 جولائی 2008 کو اور اس کے بعد خریدی جانے والی ہر نئی یا ریپلیسمنٹ (دوبارہ لی گئی) ایکسٹرنل مصنوعی بریسٹ کے لیے رقم کا کلیم کر سکتے ہیں۔

پہلے آپ کو مصنوعی بریسٹ خریدنی ہو گی، اور اس کے بعد ہی آپ ہم سے رقم کلیم کر سکتے ہیں۔ اگر:

- آپ کے پاس پرائیویٹ ہیلتھ انشورنس ہے تو آپ کو پہلے اس کے پاس کلیم کرنا ہوگا، اور اس کے بعد ہی آپ ہم سے رقم لینے کا کلیم کر سکتے ہیں۔
- آپ کو Centrelink سے پیسے ملتے ہیں تو چیک کریں کہ آیا آپ مصنوعی بریسٹ کی ادائیگی کے لیے ایڈوانس رقم لینے کے اہل ہیں۔

انگلش میں مزید معلومات کے لیے **servicesaustralia.gov.au/advancepayments** پر جائیں۔

## آپ کیا کلیم نہیں کر سکتے

آپ ان چیزوں کا کلیم نہیں کر سکتے:

- بریزیئر (برا)

- مصنوعی بریسٹ کے لیے کورز
- نپل کی جگہ رکھنے والے مصنوعی اعضا
- سرجری کے بعد سوئمنگ کا لباس
- جسم کے اندر لگائی جانے والی مصنوعی بریسٹ
- چھاتی کی بناوٹ بحال کرنے کے لیے سرجری۔

## آپ کتنے وقفوں سے کلیم کر سکتے ہیں

آپ کو ایک مصنوعی بریسٹ کے لیے ہر 2 سال بعد صرف ایک بار رقم مل سکتی ہے۔ ہم آپ کی رسید پر تاریخ چیک کر کے دیکھ سکتے ہیں کہ آیا آپ کو پچھلی بار رقم ملے ہوئے 2 سال گزر چکے ہیں یا نہیں۔

## طبی وجہ سے ریپلیسمنٹ

اگر آپ کو پچھلی بار رقم ملے ہوئے 2 سال سے کم عرصہ گزرا ہے تو آپ ریپلیسمنٹ (دوبارہ خریدی گئی بریسٹ) کا کلیم صرف تب کر سکتے ہیں جب آپ کو یہ کسی طبی وجہ سے خریدنی پڑی ہو۔ کلیم کے ساتھ آپ کے ڈاکٹر یا کسی اور ہیلتھ پروفیشنل کا خط ہونا ضروری ہے جس میں آپ کے لیے نئی مصنوعی بریسٹ کی ضرورت کی طبی وجہ واضح کی گئی ہو۔

آپ ان وجوہ سے 2 سال سے پہلے ریپلیسمنٹ بریسٹ کی قیمت کلیم نہیں کر سکتے:

- غلط انتخاب
- غلط سائز
- خیال بدل لینا
- روزمرّہ استعمال کی وجہ سے مصنوعی بریسٹ کی کوالٹی میں تبدیلیاں
- خرابی یا نقصان۔

اگر آپ کے سلسلے میں ایسی کوئی وجہ موجود ہے تو سپلائر سے رابطہ کریں۔

## آپ کو کتنی رقم واپس مل سکتی ہے

ہم جو کُل رقم واپس دیتے ہیں، وہ آپ کے کلیم اور آپ کو پرائیویٹ ہیلتھ انشورنس سے ملنے والی رقم یا دوسرے ذرائع سے ریفنڈ کی رقم (واپس ملنے والے پیسے) پر ہوتا ہے۔ ایک مصنوعی بریسٹ کے لیے $400 تک کی حد ہے۔ ہم آپ کے کلیم میں شامل تفصیلات کو استعمال کرتے ہوئے حساب لگاتے ہیں کہ آپ کو کتنی رقم ملے گی۔

## ہماری طرف سے ملنے والی رقم کی مثالیں

| | | |
|---|---|---|
| اگر آپ نے ایک مصنوعی بریسٹ کے لیے $130 ادا کیے ہوں تو ہم آپ کو پورے $130 واپس دیں گے۔ | اگر آپ کی دونوں چھاتیاں سرجری سے الگ کی گئی تھیں اور آپ 2 مصنوعی بریسٹس:<br>$800 میں خریدیں تو ہم آپ کو پورے $800 واپس دیں گے<br>$1,000میں خریدیں تو ہم آپ کو $800واپس دیں گے کیونکہ ہم زیادہ سے زیادہ اتنی ہی رقم دے سکتے ہیں۔ | اگر آپ ایک مصنوعی بریسٹ $500 میں خریدیں اور آپ کو پرائیویٹ ہیلتھ انشورنس سے $200 کا ریفنڈ ملے تو ہم آپ کو$200 دیں گے۔<br>یہ ہماری $400 کی حد میں سے آپ کا ریفنڈ نکالنے کے بعد کی رقم ہے۔ |

## کلیم کرنے کا طریقہ

- **servicesaustralia.gov.au/nh005** سے EBPRPکلیم فارم ڈاؤن لوڈ کر کے مکمل کریں۔
- ہمیں اپنی رسید کی کاپی دیں۔ رسید میں یہ تفصیلات ہونا ضروری ہے:

- آپ نے کیا خریدا
- آپ نے یہ کب خریدا
- آپ نے اس کے لیے کتنے پیسے دیے
- اس کاروبار کا نام، پتہ اور ABN جس سے آپ نے یہ چیز خریدی۔

- کلیم فارم پر بتائے گئے طریقوں میں سے کسی ایک طریقے سے ہمیں یہ فارم اور رسید بھیج دیں۔

اگر آپ فارم پرنٹ نہیں کر سکتے تو آپ ان طریقوں میں سے کسی طریقے سے فارم مانگ سکتے ہیں:

- **132 011** پر Medicare کو کال کریں
- کسی سروس سنٹر میں جائیں۔

اگر آپ کو Department of Veterans' Affairs (DVA) سے رقوم ملتی ہیں تو آپ کو اپنا حق DVA سے کلیم کرنا چاہیے۔

## ہم کیسے ادائیگی کرتے ہیں

ہم زیادہ تر کیسوں میں کلیم ملنے کے بعد 10دفتری دنوں کے اندر اندر کلیم پر کام مکمل کر لیتے ہیں۔

ہم اس بینک اکاؤنٹ میں پیسے بھیجتے ہیں جو آپ نے کلیم فارم پر ہمیں دیا ہو۔ ہم آپ کے ریکارڈ کے لیے آپ کو پیمنٹ سٹیٹمنٹ بھیجیں گے۔

اگر ہم آپ کا کلیم نامنظور کر دیں تو ہم آپ کو خط بھیج کر اس کی وجہ واضح کریں گے۔

## مزید معلومات کے لیے

- انگلش میں مزید معلومات کے لیے **servicesaustralia.gov.au/ebprp** پر جائیں۔
- اپنی زبان میں معلومات پڑھنے، سننے یا معلوماتی وڈیوز دیکھنے کے لیے **servicesaustralia.gov.au/yourlanguage** پر جائیں۔
- Centrelink کی ادائیگیوں اور خدمات کے متعلق اپنی زبان میں ہم سے بات کرنے کے لیے **131 202** پر کال کریں۔
- Medicare کے لیے **132 011** پر اور Child Support کے لیے **131 272** پر کال کریں۔ اگر آپ کو انٹرپریٹر کی ضرورت ہے تو ہمیں بتائیں اور ہم آپ کے لیے مفت انٹرپریٹر کا انتظام کریں گے۔
- کسی سروس سنٹر میں جائیں۔

نوٹ: آپ کے فون سے آسٹریلیا میں کسی بھی جگہ سے 13 سے شروع ہونے والے نمبروں پر کالوں کی قیمت ایک مقررہ شرح پر لی جاتی ہے۔ یہ شرح مقامی کال کی قیمت سے مختلف ہو سکتی ہے اور مختلف ٹیلی فون سروس پرووائیڈرز مختلف شرح لگا سکتے ہیں۔ لینڈ لائن سے 1800 سے شروع ہونے والے نمبروں پر کال کرنا مفت ہے۔ پبلک فون اور موبائل فون سے کی جانے والی کالوں کا وقت نوٹ کیا جا سکتا ہے اور ان کا خرچ زیادہ ہو سکتا ہے۔

## اعلان دستبرداری

اس اشاعت میں شامل معلومات ادائیگیوں اور خدمات کے متعلق صرف بطور رہنمائی دی گئی ہیں۔ یہ فیصلہ کرنا آپ کی ذمہ داری ہے کہ آیا آپ اپنے مخصوص حالات میں، کسی ادائیگی کے لیے درخواست دینا چاہتے ہیں۔

Australian Government
Services Australia

ENGLISH

# External Breast Prostheses Reimbursement Program

The External Breast Prostheses Reimbursement Program (EBPRP) pays up to $400 for a prosthesis or up to $800 if you need a prosthesis for both breasts following a double mastectomy.

A breast prosthesis is worn under clothing to replace the shape of a breast that has been removed or partly removed due to surgery.

The payment may cover an external breast prosthesis or an external swimming prosthesis for people who have had breast surgery due to cancer. This includes:

- double mastectomies
- prophylactic mastectomies - preventative surgery
- partial mastectomies
- lumpectomies.

## Who can claim

You can claim if you:

- are enrolled in Medicare
- have had breast surgery due to cancer
- have not bought a prosthesis and claimed under this program in the past 2 years.

If a person has bought a prosthesis before passing away, a claim can be lodged by the executor or administrator of the estate.

## What you can claim

You can claim the payment for each new or replacement external breast prosthesis bought from 1 July 2008.

You will need to buy the prosthesis before you can claim a payment from us. If you:

- have private health insurance, you need to make a claim through them before you claim a payment from us
- get a Centrelink payment, check if you are eligible to get an advance payment to help you pay for the prosthesis.

Go to **servicesaustralia.gov.au/advancepayments** for more information.

## What you cannot claim

You cannot claim:

- bras
- covers for breast prostheses
- prosthetic nipple inserts

- post-surgery swimwear
- internal breast prosthesis
- reconstructive surgery.

## How often can you claim

You can only get one payment for each prosthesis every 2 years. We use the date on your receipt to check if 2 years has passed since you last got the payment.

## Replacement for a medical reason

If it is less than 2 years since you bought a prosthesis, you can only claim for a replacement if it is for a medical reason. The claim must include a letter from your doctor or other health professional explaining the medical reason you need a new prosthesis.

You cannot claim a reimbursement for a replacement prosthesis bought less than 2 years after your last purchase for:

- wrong choice
- wrong fit
- change of mind
- changes in the quality of the prosthesis because of everyday use
- fault or damage.

If any of these apply, contact the supplier.

## How much you can get back

The total amount we reimburse depends on your claim and any private health insurance payments or refunds from other sources. This is up to the $400 limit for each prosthesis. We use the details in your claim to work out how much you get.

## Examples of how much we pay

| | | |
|---|---|---|
| If you buy one prosthesis that costs you $130, we will reimburse you the full $130. | If you had a double mastectomy and you buy 2 prostheses for:<br><br>$800, we will pay you back the full $800<br><br>$1,000, we will pay you back $800 as this is the most we can give you. | If you buy a prosthesis for $500 and get a $200 refund from your private health insurer, we will pay you $200.<br><br>This is the difference between the $400 limit and your refund amount. |

## How to claim

- Download and complete the EBPRP claim form at **servicesaustralia.gov.au/nh005.**
- Give us a copy of your receipt. The receipt must include:
  - what you bought

    - when you bought it
    - how much you paid
    - the name, address and ABN of the business you bought it from.
- Send the form and receipt to us using one of the options listed on the claim form.

If you cannot print the form, you can ask for a form by either:

- calling Medicare on **132 011**
- going to a service centre.

If you get a payment from the Department of Veterans' Affairs (DVA) you should claim your entitlement through DVA.

## How we pay you

We process most claims within 10 business days after we get the claim.

We pay the money into the bank account you gave us on the claim form. We will send you a payment statement for your records.

If we reject your claim, we will send you a letter explaining why.

## For more information

- Go to **servicesaustralia.gov.au/ebprp** for more information in English.
- go to **servicesaustralia.gov.au/yourlanguage** where you can read, listen to or watch videos with information in your language
- call **131 202** to speak with us in your language about Centrelink payments and services
- call **132 011** for Medicare and **131 272** for Child Support. Let us know if you need an interpreter, and we will arrange one for free
- visit a service centre.

Note: calls from your home phone to '13' numbers from anywhere in Australia are charged at a fixed rate. That rate may vary from the price of a local call and may also vary between telephone service providers. Calls to '1800' numbers from your home phone are free. Calls from public and mobile phones may be timed and charged at a higher rate.

## Disclaimer

The information contained in this publication is intended only as a guide to payments and services. It's your responsibility to decide if you wish to apply for a payment and to make an application with regard to your particular circumstances.